106554- مرد طواف کے دوران خواتین کے گرد حصار بنا کر چلتے ہیں تو کعبہ بائیں جانب نہیں رہتا۔

سوال

بہت سے مرد حضرات عمداًایسا کرتے ہیں کہ اگران کے ساتھ خواتین ہوں تو ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑکر اپنی خواتین کے گرد حصار بنا لیتے ہیں، ایسے میں کچھ لوگوں کو کعبہ کی جانب پیٹھ کر کے چلنا پڑتا ہے یا کعبہ شریف اس کی دائیں جانب رہتا ہے۔

پسندیدہ جواب

"یہ طریقہ ایک اعتبار سے خطرناک ہے، اور دوسرے اعتبار سے تکلیف دہ ہے۔ تکلیف دہ اس طرح کہ جب لوگ اس طرح ایک حصے کی شکل میں آئیں گے تو لوگوں کو تکلیف ہوگی، اور یہ بات سب کو معلوم ہے کہ عمداًایسا کام کرنا جائز ہی نہیں ہے جس سے مسلمانوں کو تکلیف پہنچے۔

خطرناک اس اعتبار سے کہ سائل نے ذکر کیا ہے کہ کچھ لوگ جب طواف کرتے ہیں تو کعبہ ان کے پیچھے ہوتا ہے، یا ان کے سامنے ہوتا ہے، حالانکہ طواف کی شرط یہ ہے کہ کعبہ کو اپنی بائیں جانب رکھیں، چنانچہ اگر آپ نے کعبہ کو اپنے پیچھے، یا دائیں یا سامنے رکھا تو آپ کا طواف ہی صحیح نہیں ہوگا۔" ختم شد

فتاوی ابن عثیمین: (22/287-288)

واللہ اعلم